14/12/2021

پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

ضلع بھدوہی کے گیانپورنہر نظام پر واقع عمارتوں کی مرمت کام کے لیے 25 لاکھ روپئے کی رقم جاری

لکھنؤ: 14 / دسمبر 2021

محکمہ آبپاشی و آبی وسائل اترپردیش کے ذریعہ ضلع بھدوہی میں گیانپور نہر نظام کے تحت نہروں پر واقع وی آر بی / ڈی آر بی / ایف بی کی مرمت کے کام کی اسکیم کے لیے مجوزہ رقم 10000 لاکھ روپئے میں سے 25 لاکھ روپئے جاری کرنے کی منظوری دے دی گئی ہے۔اسکیم کے ضمن میں مجاز سطح سے ٹیکنکل منظوری حاصل کرنے کے بعد ہی کام شروع کیا جائے ۔

اس سلسلہ میں محکمہ آبپاشی کے اسپیشل سکریٹری جناب مشتاق احمد کی جانب سے 13 دسمبر 2021 کو سرکاری حکم نامہ جاری کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ پروجیکٹ کا تعمیری کام وقت پر مکمل کرانے کے ساتھ ہی رقم خرچ کرتے وقت حکومت کے ذریعہ وقتاً فوقتاً جاری حکم نامہ پر عمل درآمد کرانا لازمی ہے۔منظور رقم کا استعمال منظور پروجیکٹ پر ہی کیا جائے گا۔ایسا نہ ہونے پر تمام جواب دہی محکمہ آبپاشی و آبی وسائل کی ہوگی۔ضابطہ کے مطابق قانونی اجازت و ماحولیاتی کلیرنس مجاز سطح سے حاصل کرنے کے بعد ہی تعمیری کام شروع کرایا جائے۔

☆☆☆☆☆☆